189

نغمۂ صحرا

(کلامِ فریدؒ کا منظوم ترجمہ)

کشفی مُلتانی مرحوم

ناشر بزمِ ثقافت ۔ مُلتان

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

جملہ حقوق بحقِ بزمِ ثقافت ملتان محفوظ ہیں

39586

ناشر ——— بزمِ ثقافت پوسٹ بکس ۸۱ ملتان

سالِ اشاعت ——— ۱۹۶۳ء

بار اول ——— ایک ہزار

طباعت ——— امروز پرنٹنگ پریس ملتان

قیمت ——— چار روپے

تقسیم کندہ ——— دانش کدہ حسین آگاہی ملتان

Marfat.com

جناب رفعت پاشا شیخ

کے نام

خلوص اور احترام کے ساتھ

Marfat.com

گزارشِ احوال

۱۹۶۱ء میں جب بزمِ ثقافت نے جشنِ فرید منایا تو اس وقت ہم لوگوں نے خواجہ فرید کی کافیوں کو اردو نظم میں ڈھالنے کی کوشش کی۔ بہت سے احباب نے اپنے اپنے انداز میں منظوم تراجم کئے اُس وقت میں نے کشفی صاحب کو بھی اس کام کی جانب متوجہ کیا اور انہوں نے "پربت بہار" میں اشاعت کے لئے چند کافیوں کا منظوم ترجمہ کیا۔ کشفی صاحب خود چونکہ صوفی منش بزرگ ہیں۔ اس لئے انہیں خواجہ فرید کا کلام اتنا بھایا کہ انہوں نے جشنِ فرید کے بعد ہر ہفتہ اپنے ہفت روزہ اخبار "بشارت" میں ایک کافی کا ترجمہ شائع کرنا شروع کر دیا اور تھوڑے ہی عرصہ میں ان تراجم کو قبولِ عام کا شرف حاصل ہوا۔ آہستہ آہستہ منظوم تراجم کافی تعداد میں جمع ہوتے گئے اور اب ہم انہی تراجم کو یکجا کر کے "نغمۂ صحرا" کی صورت میں آپ کی خدمت میں بصد احترام پیش کر رہے ہیں۔ ان تراجم کے محاسن کے بارے میں کچھ کہنا میرا مقام نہیں کیونکہ میرا کشفی صاحب سے نیاز مندی کا رشتہ ہے اور نیاز مندی کے عالم میں قلم کا توازن اکثر اوقات برقرار نہیں رہتا۔ اس کے لئے آپ جناب تصدق رسول کا پیش لفظ ملاحظہ فرمائیں اور اپنے ذوق پر بھروسہ کریں۔ اتنا کہنے کی ضرور جسارت کرتا ہوں کہ آپ ہر لفظ کا ترجمہ تلاش کرنے کی کوشش نہ فرمائیے گا۔ بہت سے ملتانی الفاظ ایسے ہیں جن کا متبادل

Marfat.com

اُردو تو کیا دُنیا کی کسی زبان میں نہیں ملتا اس لئے ترجم کو اس دشواری کے پیشِ نظر صرف مفہوم منتقل کرنے کی سعی کرنا پڑتی ہے۔ خواجہ صاحب کی کافیاں ایک مخصوص موسیقی کی حامل ہیں اور اس نسبت سے انہوں نے بحریں بھی ویسی منتخب کی ہیں۔ تراجم میں وہ موسیقی اور غنائیت نہیں آسکتی جو اصل ملتانی کافی میں ہوتی ہے۔ کیونکہ ہر زبان کا اپنا مخصوص ماحول ہوتا ہے۔ جیسے بزور ترجمہ دوسری زبان میں منتقل نہیں کیا جاسکتا۔ اگر آپ ان تراجم کے ذریعہ خواجہ صاحب کے کلام کی گہرائیوں اور ان کے انداز کی لطافت سے کسی حد تک روشناس ہو سکتے ہیں تو میرے خیال میں کشفی صاحب کو ضرور داد دیجئے گا۔

ان کافیوں کی ترتیب کا بار گراں مجھے اٹھانا پڑا ہے کیونکہ فاضل مترجم اپنی عدیم الفرصتی کی بنا پر کتاب کو خود مرتب نہ کر سکے۔ اس لئے اگر اس کتاب کی ترتیب میں کوئی جھول نظر آئے تو اس کا الزام مجھے دیجئے گا۔ میں نے کوشش کی ہے کہ ظاہری لحاظ سے کتاب جاذبِ نظر ہو اور کم قیمت بھی ہو کیونکہ ہمارا مقصد صرف لوگوں تک کلام فرید پہنچانا ہے نفع کمانا نہیں۔ اگر اس میں کوئی کمی رہ گئی ہو تو اس کے لئے میں معذرت خواہ ہوں ہم سب لوگ بیحد عدیم الفرصت ہیں ہمارا لمحہ لمحہ کاروبارِ حیات میں اُلجھا ہوا ہے پھر بھی اپنی نیندیں قربان کر کے پڑھنے لکھنے کا کام کرتے رہتے ہیں۔ آپ ہمارے کام کو اسی پس منظر میں دیکھ کر جانچیں اور ہماری لغزشوں اور کوتاہیوں سے درگذر کریں۔

Marfat.com

میں اراکین بزم ثقافت کیجانب سے وزارتِ اطلاعات حکومت پاکستان و ادارہ تعمیرِ نو حکومت
مغربی پاکستان کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں جن کی مالی معاونت سے ہمارا اشاعتی منصوبہ پایہ
تکمیل کو پہنچا ہے مجھے امید ہے اربابِ حکومت آئندہ بھی اسی طرح ہماری دستگیری فرماتے رہیں گے۔
آخر میں مَیں اپنے ان دوستوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے
اس کتاب کی طباعت و اشاعت میں میری مدد کی۔ خاص طور پر میں وطن عزیز کے نامور
مصور لشبیر موجد کا بے حد ممنون ہوں جنہوں نے نہایت قلیل وقت میں اس کتاب کا حسین و
جمیل گرد پوش تیار کیا۔ میں شبیر حسن اختر کا بھی بے حد شکر گزار ہوں جنہوں نے بڑی محنت سے
پروف پڑھنے میں میری مدد کی۔ کارکنانِ امروز پریس نے جس خلوص اور محبت سے کتاب کی
طباعت میں محنت کی ہے اس کے لئے ہم لوگ ان کے ہمیشہ ممنون رہیں گے۔

ریاض انور

سیکرٹری بزمِ ثقافت ملتان

۳۱ مارچ سنہ ۱۹۶۳ء

Marfat.com

پیش لفظ

ایزرا پاونڈ نے کہا ہے۔

"تخلیقی ادب کے لحاظ سے کوئی دور عظیم ہو تو یقیناً ادبی تراجم کے لحاظ سے بھی وہ دَور عظیم ہوگا۔"

اُردو کے تخلیقی ادبی سرمایہ اور ادبی تراجم کو مدِنظر رکھتے ہوئے تو ایزرا پاوند کی رائے بالکل غلط ثابت ہوتی ہے۔ چلیئے اردو نثر میں اور وہ بھی خاص کر افسانوی ادب میں تو دو چار اچھے اور معیاری ترجمے دیکھنا نصیب بھی ہوتے ہیں لیکن اُردو شاعری میں تراجم کی کیا مقدار ہے؟ پھر کہا جا رہا ہے کہ آجکل ترجموں کی شدید ضرورت محسوس کی جا رہی ہے اور کچھ اچھے بُرے ترجمے بھی ہو رہے ہیں۔ لیکن سوال تو یہ ہے کہ یہ ترجمے ہمارے تخلیقی ادب پر کس حد تک اثر انداز ہوئے ہیں یا ہو سکتے ہیں۔ مَیں نے تو ان تراجم کے مطالعہ سے اتنا ہی اخذ کیا ہے کہ پڑھنے والوں کو محض کتاب کی کہانی معلوم ہو جائے۔ زیادہ سے زیادہ ان ترجموں کا اثر یہ بھی ہوا ہے کہ بدیشی تخلیقی ادب

Marfat.com

ہیں کچھ کاٹ چھانٹ کر دی جائے اور اس توڑ جوڑ سے سنسنی پھیلا دی جائے۔

لیکن اہم سوال تو یہ ہے کہ ان تراجم سے ہمارے ادب کی اسالیب میں کس قدر اضافہ ہوا ہے یا کیا کیا تغیرات رونما ہوئے ہیں؟ کم از کم میں تو ایسے سوالات کی گنجائش فی الحال محسوس نہیں کر پاتا جب کہ میرے پاس ان کا کوئی جواب نہیں۔

اِسی مسئلہ کو بلکہ اِس کی اہمیت کو ہم نے اس لئے نظر انداز کیا ہوا ہے کہ ہم اپنی زبان کے متعلق طرح طرح کی خوش فہمیوں میں مُبتلا ہیں۔ یہ خوش فہمیاں کچھ تو تقسیم ملک سے پہلے اردو ہندی نزاع کی پیداوار ہیں اور کچھ حُب الوطنی کے جذبہ میں سرشاری کی وجہ سے انگریز دشمنی کا نتیجہ ہیں۔ اس غلط دشمنی سے ہم کچھ اس قدر احساس کمتری میں مبتلا ہیں کہ سفید اقوام کی استعماریت کے ساتھ ساتھ ہم اُن کے علمی اور ادبی ذخائر سے بھی نفرت کرنے لگے ہیں۔ کچھ تھوڑا بہت احسان اُردو ادب کے ناقدین نے بھی کیا ہے۔ خاص طور پر اُنہوں نے "اُردو شاعری" پر تو اس قدر احسانات کیئے ہیں کہ ہم خواہ مخواہ یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ کہ ہماری زبان بلاشبہ دُنیا کی عظیم زبانوں میں سے ایک ہے۔ اور اُردو ہی واحد ایسی زبان ہے جس میں ہر ایک خیال بخوبی ادا ہو سکتا ہے۔ ہماری سادہ لوحی پر کون نہیں ہنسے گا! زبان کے جو

Marfat.com

چار پانچ معیار ہیں کیا اُردو زبان ان معیاروں پر واقعی پوری اُترتی بھی ہے؟ اب کون سمجھائے کہ علمی، ادبی، دفتری اور روزمرّہ کے علاوہ ایک اور معیار زبان کا بین الاقوامی ہونا بھی ہے۔ اگر اُردو فی الواقعی اتنی عظیم الشان زبان ہے جسے چالیس کروڑ انسانوں کا عظیم انبوہ روزانہ بولتا ہے تو آج تک اس نے دُنیا کی دوسری اقوام کو کیوں متاثر نہ کیا؟ اس کے ادب کے دوسری زبانوں میں دھڑا دھڑ تراجم کیوں نہ ہوئے؟ اُردو میں ہر خیال ادا ہو سکتا ہے کہ نہیں؟ اس کا جواب تو لازماً مشکل ہے۔ کیونکہ میری رائے میں اُردو زبان کی حیثیت اس وقت تک ایک کم سن بچّہ کی سی ہے۔ کون ہے جو کانٹ۔ پروسٹ یا استاں دال کو بعینہٖ اُسی طرح پیش کرے جیسا کہ وہ خود اپنے تخلیقی ادب سے نمایاں ہیں۔ اور پھر استاں دال تو کم بخت ایک ایسا فن کار ہے جو نظم سے نثر کو مشکل ترین شئے سمجھتا ہے۔ یہ اور بات ہے کہ ان لوگوں کی رُوح سے دست بستہ معافی مانگ لی جائے۔ اور شتم پشتم ترجمہ کر لیا جائے۔ ابن عربی کی تخلیقات اس قدر بھاری پتھر ہیں کہ اُنہیں چھوا نہیں گیا بلکہ صرف چُوما گیا ہے اور بیشتر حصہ تو بغیر چومے ہی چھوڑ دیا گیا ہے۔ میرا مطلب یہ نہیں کہ سرے سے ترجمہ ہی نہ کیا جائے۔ بلکہ مدعا یہ ہے کہ ترجمہ کے سلسلے میں بلا کی محنت اور علمی سوجھ بوجھ کی ضرورت ہے۔

Marfat.com

یہ تو ہوئی اُدھر کی بات۔ اب رہی علاقائی ادب کی بات۔ ہیر وارث شاہ کی پچاس ہزار کاپیاں ہر سال شائع ہو کر بکتی ہیں۔ بلاشبہ وہ ایک عظیم ادبی شاہپارہ ہے لیکن کتنے اُردو زبان داں اس سے واقف ہیں؟ شاہ عبدالطیف بھٹائی کے کلام کو وادئ مہران کے بسنے والوں نے ابھی تک اس طرح پیش نہیں کیا کہ اُس سے اُردو والوں کو بھی فائدہ ہو۔ اس کام کے لئے محنت شاقہ کی ضرورت ہے۔ اصل رُوح سے بیخبری دراصل ترجمے کا نقص ہی نہیں بلکہ ترجم کا اتنا بڑا جرم ہے کہ اُس کے لئے سخت سے سخت مواخذہ بھی ناکافی ہے۔ کسی عظیم شاعر یا مفکر کے کلام کا ترجمہ اوٹ پٹانگ نہیں کرتے۔ شاہ عبدالطیفؒ کے کلام کو جس طرح اُردو میں پیش کیا گیا ہے مجھے ہی نہیں بلکہ ہر پڑھے لکھے شخص کو اس پر اعتراض ہوگا۔ کہ شاہ صاحبؒ کا فلسفہ اُس کی سمجھ میں نہیں آیا۔

زیرِ نظر تراجم میں بعض جگہ میں خاصا پریشان ہوا ہوں۔ مترجم نے بھی کہیں کہیں خواجہ غلام فریدؒ کے فلسفیانہ اشاروں کو نہیں سمجھا۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ مترجم یعنی کشفی ملتانی خود فلسفی نہیں اور نہ ہی فلسفہ کا طالب علم ہے۔ اس کے برعکس خواجہ صاحبؒ صرف فلسفہ کے عالم ہی نہیں بلکہ جملہ علوم پر دسترس رکھتے ہیں۔ ایسی

Marfat.com

صورت میں کہیں کہیں کشفی ملتانی نے خواجہ صاحب کے فلسفیانہ نکات کو اگر نہیں سمجھا تو بددیانتی نہیں بلکہ محض سہو ہے۔ ورنہ اکثر و بیشتر کافیاں آپ کو ایسی شگفتہ ترجمہ میں ملیں گی کہ جس میں آپ کو خواجہ صاحبؒ کے کلام کی اصلی رُوح جاری و ساری دکھائی دے گی۔ میرا مطلب یہ نہیں کہ اُن صحافیوں کا ترجمہ کشفی صاحب نے ایسا کیا ہے کہ اصل سے بھی بہتر ہیں۔ جیسے مصنف پروست نے اسکاٹ مونکریف کے پروست کے ترجمہ کے بارے میں کہا تھا۔ کہ ترجمہ اصل کتاب سے بھی بالاتر ہے۔ البتہ میں اتنا ضرور کہوں گا کہ نظم میں اتنا اچھا ترجمہ بہت کم دیکھنے میں نصیب ہوا ہے۔

یہ کتاب مجھ تک ریاض انور کی وساطت سے پہنچی۔ میں نے اُنہیں اُن حصوں کی جانب بہ تفصیل اشارہ کر دیا جہاں جہاں میں پریشان ہوا ہوں۔ غالباً کشفی صاحب کو بھی اس کی اطلاع مل گئی ہوگی یا مل جائے گی اور وہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح ضرور کریں گے۔ مثال کے طور پر میں آپ کے سامنے کافی کا ایک بند پیش کرتا ہوں۔ اس کا ترجمہ حسب ذیل ہے۔

گمرہی زہد ہے عبادت ہے   جذب و مستی ہی خود ہدایت ہے

جس جگہ عشق کا ہوا ہے ظہور

Marfat.com

اصل متن یوں ہے۔

گمراہی سب زہد عبادت شاہد مستی عین عبادت
جس جا کیتا عشق ظہور

تصوف کی شرح میں یہ دو الفاظ یعنی "جذب" اور "مستی" دو مختلف معنی رکھتے ہیں۔ اُردو ترجمے میں لفظ جذب کا استعمال اس بند کی فلاسفی کی اصلی رُوح کو ختم کر دیتا ہے۔ غالباً کشفی صاحب کو بھی یہ خیال ہوا کہ خواجہ صاحب صرف وحدت الوجود کے قائل ہیں۔ حالانکہ خواجہ صاحب کا نظریۂ وحدت الوجود قطعاً ویدانتی منظر یہ نہیں ہے۔

میری ذاتی رائے ہے کہ خواجہ صاحبؒ کی تو تمام تر کوشش ہی یہ رہی ہے کہ نظریۂ وحدت الوجود کو ویدانت سے ایک علیحدہ شے ممیز کر کے اُسے نظریۂ وحدت الشہود کے قریب تر لائیں اور اس طرح سابقین کی غلطی نمایاں کریں۔ اور صحیح راہ استوار کریں۔ اب آپ خود کہیئے یہ شعر وحدت الشہود کی طرف اشارہ ہے یا کسی اور طرف؟ اگر ہے تو پھر "کیفیتِ جذب" کا یہاں کیا سوال پیدا ہوتا ہے؟ کشفی صاحب نے یہ بات آگے خود ظاہر کر دی ہے۔

Marfat.com

نورُ سے جب حجاب دُور ہوئے　　شبہ کے پیچ و تاب دُور ہوئے

ہر طرف ہے نمودِ جلوۂ طور

دی ہے فخرِ جہاں نے بات بنا　　مردِ ارضی بنا ہے مردِ سما

ظلمتیں ہو گئی ہیں نُورٌ و نورُ

پڑھ شہود دی نماز یار فرید　　ہے ہر اک چیز میں خدا کی دید

نا سمجھ مولوی کا کیا مذکور

خواجہ غلام فرید کی کافیوں کا منظوم ترجمہ کوئی آسان کام نہیں۔ اوّل تو اُن کی زبان کوئی عام زبان نہیں ہے۔ عام زبان سے میری مراد عوامی زبان نہیں بلکہ ایک ایسی چلت قسم کی زبان ہے جیسی ہم کرسٹو فراشروڈ کی کتابوں میں پاتے ہیں۔ یا وہ زبان جس کا سہارا منٹو نے روسی ادب کے تراجم کے سلسلہ میں لیا تھا۔ لیکن خواجہ صاحب کی زبان انتہائی علمی زبان ہے اور اس میں جگہ جگہ علامات کے ذریعے معانی پیدا کئے گئے ہیں۔ ایسی صورت میں اُن کی کافیوں کا اُردو زبان میں ترجمہ کرنا سخت جان جوکھوں کا کام ہے۔ اور پھر نظم میں تو اور بھی مشکل ہو جاتا ہے کیونکہ وہاں تو روانی کے علاوہ اور بھی طرح طرح کی تکالیف کا

Marfat.com

سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایک ایک لفظ کو ادھر اُدھر کرتے ہوئے ڈر محسوس ہوتا ہے جس کے باعث مترجم کو اپنی بے بضاعتی کا احساس ہوتا ہے۔ دوئم شرط یہ ہوتی ہے کہ اُردو نظم کے اسالیب کے ساتھ ساتھ اُردو نظم کی روایات اور اُس کے مزاج میں بھی تبدیلی نہ ہونے پائے۔ اور پھر خواجہ صاحبؒ ایسے جید عالم شخص کے پیچیدہ اور فلسفیانہ گنجلک مضامین کو برداشت کرنے کی کم از کم اُردو زبان میں توفی الحال اہلیت یا استعداد نہیں۔ میں اسے اُردو زبان کی خامی قرار نہیں دے رہا بلکہ میرا اشارہ محض اُردو زبان کی کم عمری کی جانب ہے۔ ایسی صورت میں کشفی ملتانی کی یہ کتاب ایک قابل قدر کام ہے اور اُردو ادب میں اضافہ ہے۔ اس سے اُردو داں طبقہ کو خواجہ فریدؒ کے کلام اور اسلوب بیان کو سمجھنے میں مدد ملے گی اور اگر فی الواقعی اُردو زبان کے شعراء اور ناقدین نے خواجہ صاحب کی شاعری کے مزاج کو سمجھ لیا۔ تو مجھے یقین ہے کہ اُردو ادب کو نئے نئے مضامین کے علاوہ بیان کا ایک نیا اور انوکھا اسلوب بھی میسّر ہوگا جو اُردو ادب میں ابھی تک ناپید ہے۔

خواجہ صاحبؒ کے کلام کے متعلق میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ علامہ اقبالؒ بھی کہا کرتے تھے کہ" افسوس خواجہ صاحب کی شاعری ایک مخصوص علاقہ تک

Marfat.com

رہ گئی ہے ورنہ اُن کی شاعری میں تو بین الاقوامی عناصر موجود ہیں"۔ خواجہ فریدؒ کی شاعری میں آفاقیت ہے وہ بلا شبہ ہر ملک ہر قوم اور ہر دَور کے شاعر قرار دیئے جا سکتے ہیں۔ اُن کا کلام کلاسیک کا درجہ رکھتا ہے۔ اُردو شاعری میں کتنے شعرا ہیں جنہیں فی الواقعی کلاسیک کا درجہ نصیب ہوا ہے۔ عربی فارسی میں ان گنت سہی لیکن اُردو شعری ادب میں میر تقی میر۔ غالب۔ حالی اور اُن کے بعد اقبال ــــ اور اِن کے بعد کون ہے؟ ہمیں ابھی اپنے اُردو شعری سرمایہ میں اور بھی اضافہ کرنا ہے۔ عظیم شاعر روز پیدا نہیں ہوتے ان کے لئے تو صدیوں انتظار کرنا پڑتا ہے۔ پھر کیوں نہ تراجم کے ذریعے اس خلا کو پورا کیا جائے۔ جیسا کہ آج کل ایران میں ہو رہا ہے۔ اگر خواجہ فریدؒ۔ وارث شاہ۔ شاہ عبدالطیف۔ سلطان باہو۔ ایسے باکمال شعراء کی تخلیقات کا اُردو میں صحیح صحیح ترجمہ ہو جائے تو اُردو زبان کو جو فائدہ پہنچے گا اُس سے کس شخص کو انکار ہو سکتا ہے۔ میری تو خواہش ہے کہ ان لوگوں کی کتابوں کے ایسے تراجم کئے جائیں کہ اصل اور ترجمہ میں تمیز ہی مشکل ہو جائے۔ لیکن اتنی محنت کون کرے جب کہ ہمارے اُردو زبان کے شعراء اور ادباء اس وہم میں مبتلا ہوں کہ اگر صرف ترجمہ ہی کرتے رہے اور تخلیقی ادب سے دُور

Marfat.com

رہے تو تاریخ میں ان لوگوں کا نام محض مترجم کی حیثیت سے آئے گا اور بڑے ادیب یا شاعر کی حیثیت سے نہیں۔ یہ سراسر غلط بات ہے۔ پاؤنڈ کی رائے میں مترجم شاعر گولڈنگ بھی اتنا بڑا شاعر ہے کہ اُس کا مقابلہ ملٹن سے کیا جائے۔ خدا کرے کہ ہمارے اُردو ادب کو بھی گولڈنگ ایسے شعرا نصیب ہوں۔

اس بات میں کمال حد تک سچائی ہے کہ اچھی تخلیق کا دَور ہمیشہ ترجموں کے دَور کے بعد آتا ہے۔ مثلاً اُردو افسانہ کی تاریخ کو لیجیے۔ حقیقت واضح ہو جائے گی۔ فسانہ آزاد۔ حاجی بغلول۔ خدائی فوجدار کیا ہیں؟ صاف ظاہر ہے کہ ان کا ترجموں سے بہت گہرا رشتہ ہے اگرچہ سرشار کو کافی کھینچ تان کرنی پڑی ہے اور اکثر و بیشتر اُن کی کتابوں میں اُن کی اپنی ٹھونس ٹھانس بھی ہے لیکن پھر بھی انہیں ترجمہ کہا جاتا ہے۔ اور ان ترجموں کی بدولت ہمارے اُردو افسانوی ادب کے لیے بنیاد قائم ہوئی ہے۔ آج کے افسانوی ادب نے اُس پر ہی اپنی قد آور شخصیت تعمیر کی ہے۔ کیا معلوم کشفی ملتانی نے جو بنیاد قائم کی ہے اُس پر بھی آئندہ چل کر کوئی قد آور اور عظیم الشان عمارت قائم ہو۔

کشفی ملتانی اُردو زبان کا ایک کہنہ مشق اور منفرد شاعر ہے۔ اُس کی اپنی

Marfat.com

شاعری بھی حُسن و عشق کے مروجہ دائرہ میں رہ کر مشاہدات و احسات کے ساتھ ساتھ رموز اور تصوف کا سہارا لیتی ہے۔ کشفی ملتانی کے ہاں قوتِ بیان اور شوخیٔ تخیّل بدرجہ اتم موجود ہے۔ وہ اُردو زبان کے شعراء خواجہ میر درد اور امیر مینائی سے بے حد متاثر ہے۔ اور فارسی کے نظیری سے بھی اُسے عقیدت ہے۔ ایسے شخص پر خواجہ غلام فرید کی کافیاں بھلا کیونکر سحر انداز نہ ہوتیں۔ کشفی ملتانی کم و بیش دو ڈھائی سال سے خواجہ صاحب کی ملتانی کافیاں اُردو زبان میں ترجمہ کر رہا ہے۔ یہ کتاب اُن تراجم کا ایک مختصر سا انتخاب ہے۔ اکثر ایسا ہوا ہے کہ خواجہ صاحب کی شاعری کی رُوح سے سرشار ہونے کے لِئے کشفی ملتانی کو ایک ایک کافی کے ترجمہ کرنے کے سلسلے میں دِنوں بلکہ ہفتوں بے چین رہنا پڑا ہے۔ ایسی سحر انگیز حالت کا اندازہ وہ لوگ یقینی طور پر کر سکتے ہیں جو یہ بات جانتے ہیں کہ لیلیٰ کو دیکھنے کے لِئے مجنوں کی آنکھ کی ضرورت ہے اور مجنوں کی تخلیق کے لِئے خود اپنی آنکھ میں حُسنِ جمالی کی آفرینش درکار ہوتی ہے اور اس حُسنِ جمالی کے حصول کے لِئے کس قدر اکتساب اور مجاہدہ کی ضرورت پیش آتی ہے۔

کشفی ملتانی کے ترجموں کے اُن پاروں نے جنہیں مجھے وجدانی طور پر محظوظ کیا ہے۔

Marfat.com

ہیں مختصراً آپ کے مطالعہ کے لئے پیش کرتا ہوں۔ اصل متن تو کتاب میں مل جائے گا۔ مَیں یہاں محض ترجمہ پیش کرنے پر ہی اکتفا کرتا ہوں۔ آپ خود اندازہ کر لیں گے کہ ان چاروں میں کتنی روانی۔ سلاست اور بے ساختگی ہے۔ اور خواجہ فریدؒ کا کلام کس قدر خوبی اور خوش اسلوبی کے ساتھ ترجمہ کیا گیا ہے۔

پھرتا رہا میں دشت میں وادی میں کوہ میں
تیرا خیال ہی مجھے آوارہ کر گیا
اک بار بھی ملی نہ مجھے عشرتوں کی سیج
میرا نصیب ہی مری یاری مکر گیا

نہ وہ کاجل نہ وہ سُرخی نہ حنا
زینتِ حُسنِ نظر بھول گئے
فکر و اندیشہ و غم یاد رہے
اور سب اپنے ہُنر بھول گئے

رُوٹھ جس دن گیا مرا "سانول"
پھاڑ دیں جائیں ڈوریئے ململ
تن بدن کے گئے ہیں کپڑے جل
جذبۂ عشق کی حرارت سے

برسات وہ ساون کی وُہ پودوں کی بہاریں
وُہ "پھوگ پھگّی" کی دلآویز قطاریں

وہ رعد کا کڑکا وہ چمک برق تپاں کی — وہ ذوق محبت میں تڑپ جذب نہاں کی
لوٹ آئی ہے پودوں پہ نئے سر سے جوانی — جھولے ہے سہاگ آکے عجب رُت ہے سہانی
تا وقت کہ موجود ہیں پانی کے نظارے — مشکل ہے کوئی سندھ کی وادی کو سدھارے

نازنینانِ حور وش گلفام — جیسے بادِ نسیم۔ محوِ خرام
راتیں ٹھنڈی ہیں اور خنک آثار
لُو کے جھونکے نہیں ہیں دل آزار
نازک اندام۔ نازنیں دلبر — جن کے ابرو ہیں تیغ۔ تیر نظر
تیز تر جس طرح کوئی ہتھیار
جن سے ہیں چاک قلبِ عاشقِ زار

جانتے ہو دل میں عزم جدائی کا دھار کے — اندوہ بڑھ نہ جائیں دلِ بیقرار کے
ساون کے دن سُہاگ کی صورت طرب فزا — چھائے ہوئے ہوں جیسے کہ بادل بہار کے
آ دوست اس شباب کا عالم ہے چار دن — مل جل کے ایک ساتھ تو دیکھیں گزار کے

Marfat.com

سنتے ہیں موت سے تو کسی کو مفر نہیں — جانا ہے یاری یاری دل و جان ہار کے

آؤ منائیں فصلِ بہاری خوشی خوشی — دو چار دن یہی تو ہیں ہار و سنگار کے

برسات سے نشیب کے تالاب بھر گئے — باغ و بہار ہو گئے دن ریگزار کے

کیوں روٹھتے ہو آؤ کریں ترک روٹھنا — خوش ہو کے دن گزاریں محبت کے پیار کے

تیرے بغیر زیست بھی دشوار ہو گئی — رنج و الم سوا ہیں تیرے جانثار کے

ہزاروں درد بنکر خار سینے میں اٹکتے ہیں — یہ وہ کانٹے ہیں جو مدت سے پہلو میں کھٹکتے ہیں

نکلتے ہیں جو سینے سے تو کر کے ناز اے ساقی

نہ آیا یار لیکن راہ تکتے تھک گئیں آنکھیں — بہائے اس قدر آنسو کہ میری پک گئیں آنکھیں

مگر پھر بھی پھڑکتی ہیں یہ ہے کیا راز اے ساقی

فقط اس عشق میں ہم صبر کی دولت تو ہار آئے — نہ گھر میں اب سکون آئے نہ جنگل میں قرار آئے

دلِ ناداں ہوا دیوانگی پرداز اے ساقی

یار رہی کے ریگزاروں میں — گلبدن! نازنین رہتے ہیں

Marfat.com

نازک اندام! ناز پرورده　　ماہرو! مہ جبین رہتے ہیں

شب کو مرغانِ دل شکار کریں　　دن کو دنیا کے کاروبار کریں

رازِ اُلفت نہ آشکار کریں

کتنے مسکین بینوا رہ گیر　　ہو گئے مفت گیسوؤں کے اسیر

حلقۂ زلف بن گئی زنجیر

ہم فقیرانہ آ کے بیٹھے ہیں　　در پہ دھونی رما کے بیٹھے ہیں

ناز و تمکیں بھلا کے بیٹھے ہیں

اب نہ انداز ہیں وہ شاہانے　　کاخ و کو ہیں نہ آئینہ خانے

بن گئے ہیں فقیر مستانے

عشق کرنا نہیں آسان میاں

دکھ پہ دکھ ہوتے ہیں ہر آن میاں

نہ تو ہے خواہش دولت ہم کو　　نہ تو شوکت کی ضرورت ہم کو

ہے فقط شوق زیارت ہم کو　　دل میں ہیں دید کے ارمان میاں

Marfat.com

عشق کرنا نہیں آسان میاں

دل میں اندوہ والم ہیں بھاری — ڈھیر میں جیسے لگے چنگاری
عشق میں جلنے لگی بے چاری — روز رہتی ہوں پریشان میاں
عشق کرنا نہیں آسان میاں

جب سے کہ عشق مجھ سے ہم آغوش ہو گیا — جو کچھ لکھا پڑھا تھا فراموش ہو گیا
کیا پوچھتے ہو بھول گئے ہیں سبھی علوم — دل سے اتر گئی ہیں زمانے کی سب رسوم
وہ عشق نے مچائی ہے درد والم کی دھوم — باقی رہا سہا مرا گم ہوش ہو گیا
دیدیں تمام شہر کی بدنامیاں مجھے — لکھ دیں تمام عمر کی ناکامیاں مجھے
خلعت کی شکل کر کے عطا خامیاں مجھے — "جنت یار" اس نگاہ سے روپوش ہو گیا
ایسی پلائی یار ستمگر نے چاہ میں — بولا رکھو گی پھر بھی قدم ایسی راہ میں
تھی دھمکیاں بھری ہوئی اس کی نگاہ میں — ٹھنڈا بس ایک آن میں سب جوش ہو گیا

دل کہ پروردۂ محبت ہے — تجھ پہ قرباں بصد عقیدت ہے

39584

Marfat.com

خوب گزریں ترے شباب کے دن — یہ دُعا کتنی خوبصورت ہے
اپنا تن من تمہارے قدموں پر — بسکہ نذرانۂ محبّت ہے
حسن والے کریں وفا ہم سے — یہ سراسر خلافِ فطرت ہے

دل ہے کہ مرا سوزِ محبت میں پھنسا ہے — یہ عشق کی سرکار سے انعام ملا ہے
ہے سر پہ کبھی چھایا ہوا روزِ مصیبت — ڈالی ہوئی شب نے کبھی آفت کی ردا ہے
آتش کی طرح جلتا ہوا میرا بچھونا — شب گزری کہ درِ صبحِ قیامت کا کھُلا ہے
اُس نے نہ کبھی میری طرف جھانک کے دیکھا — اک عمر کا حصہ مرا رونے میں کٹا ہے
محبوب ہے مسجودِ محبّت کے دلوں کا — سچ یہ ہے کہ عشاق کا وہ قبلہ نما ہے
دیکھو تو ذرا غور سے احمد کو احد سے — ذات اور صفات ایک ہیں کیا فرق رہا ہے
ہے صوم و صلوٰت اپنی مئے حسن پرستی — آزادی و رندی مری قسمت کا لکھا ہے
ہے راستہ دشوار بہت فقر و فنا کا — ہر گام پہ آفات کا اک جال بچھا ہے
سرد آہ مری ہار مرے اشک رواں کے — یہ عشق کی سوغات ہے تحفہ ہے عطا ہے

Marfat.com

عالم ترا سب تابعِ فرماں ہے تو پھر کیا — چرچا ترا ہر ملک میں ارزاں ہے تو پھر کیا

شہرت تری جا پہنچی عجم اور عرب میں — تو بڑھ گیا پڑھ پڑھ کے بہت علم ادب میں

تو وید کا ماہر تو ہمہ داں ہے تو پھر کیا

چلتا ہے ترا حکم اگر زیر و زبر پر — اس عالمِ نیرنگ کے ایک ایک بشر پر

مانا کہ تو شاہنشہِ دوراں ہے تو پھر کیا

یہ حقیقت ہے کہ جز ذاتِ احد — یہ جہاں سارا خراب آباد ہے

عالمِ اجسام جز ذاتِ قدیم — بے بقا ہے اور بے بنیاد ہے

ان کافیوں کے علاوہ میں ایک اور کافی "دوستی مانگتی ہے قربانی" کی جانب بھی آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں جسے میں نے بخوف طوالت چھوڑ دیا ہے۔

اب آپ کے پیش نظر خواجہ فریدؒ کی کافیاں اور کشفی ملتانی کے ترجمے ہیں اور اُن کے معیار پر حکم چلانا ناقدین کا کام ہے۔ لیکن مجھے اعتماد ہے کہ فیصلہ کشفی ملتانی کے حق میں ہوگا اور اُسی اعتماد کے پیش نظر یہ کتاب آپ کے بہترین مطالعہ کے لئے پیش کی جا رہی ہے۔

ملتان — ۳ر مارچ ۱۹۶۳ء — تصدق رسول

Marfat.com

بِکھڑی متھے دی پڑے پیاسے

وہ واہ خدا دے کم بے قیاسے

جیڑھیں کوں منہ وی ڈیندے نہ ہاسے

رل مل کریندیاں کھل ٹوک ہاسے

(فرید)

Marfat.com

کافی

مساگ ملیندیاں گزر گیا ڈینہہ سارا
سنگار کریندیاں گزر گیا ڈینہہ سارا

کجلہ پایم سرخی لایم کیتم یار وسارا

کانگ اڈیندیں عمر وہائی آیا نہ یار پیارا

روہ ڈونگر تے جنگل بیلا رولیم شوق آوارا

پڑھ بسم اللہ گھولیم سر کوں چاتم عشق اجارا

Marfat.com

۱

آرائشِ جمال میں دن بھر گزر گیا
یعنی تیرے خیال میں دن بھر گزر گیا

میں اہتمامِ دید میں دن بھر لگا رہا
میرا خیال تک تیرے دل سے اتر گیا

عمرِ عزیز کاگ اڑاتے گزر گئی
آیا نہ یار ایک زمانہ گزر گیا

پھرتا رہا میں دشت میں وادی میں کوہ میں
تیرا خیال ہی مجھے آوارہ کر گیا

بسم اللہ پڑھ کے میں نے کیے جان و دل نثار
لے کر اجازہ جب میں دربار پر گیا

Marfat.com

ہکدم عیش دی سیجھ نہ مانڑیم بخت نہ ڈِتڑم وارا

رانجھن میڈا ہیں رانجھن دی روز ازل دا کارا

ہجر فریدا لبنی لائی جل بگیوم مفت وچارا

Marfat.com

اک بار بھی ملی نہ مجھے عشرتوں کی سیج — میرا نصیب ہی مری باری مکر گیا

تُو جو مرے لیے ہے تو میں ہوں ترے لئے — روزِ ازل یہ فیصلہ باہم ٹھہر گیا

بھڑکا فرید دل میں وہ شعلہ فراق کا — جو کہ جلا کے مجھ کو سب خاک کر گیا

Marfat.com

کافی

عشق لگا گھر وسریا   زر وسری سر وسریا
گزرے ناز حسن سے بانکے   زیور تیور وسریا
وسرے کجلے سرخی میندیاں   بولا بینسر وسریا
درد اندیشے دل دی موڑی   بیاکل جوہر وسریا
دیر کنشت دوارہ مندر   مسجد منبر وسریا
ہکدے سانگے ہکدی سوں ہے   خیر بھلی شر وسریا
ہر ویلے ہر یاد اسانوں   ہور اماں ہر وسریا
ویساں پیچ فرید نہ مڑساں   سنج بردا ڈر ومریا

Marfat.com

۲

جب ہوا عشق تو گھر بھول گئے
گھر تو کیا چیز ہے سر بھول گئے

مٹ گئے حسن کے انداز و غرور
زیور و لعل و گہر بھول گئے

نہ وہ کاجل نہ وہ سرخی نہ حنا
زینتِ حسن نظر بھول گئے

فکر و اندیشہ و غم یاد رہے
اور سب اپنے ہنر بھول گئے

یاد آتے ہیں نہ منفرد نہ گذشت
یعنی اللہ کا گھر بھول گئے

ایک ہی شخص کی خاطر بخدا
خیر تو یاد ہے شر بھول گئے

ذہن کو نامِ خدا یاد رہا
اور سب نام مگر بھول گئے

پہنچ جاؤں گا نہ لوٹوں گا فرید
راہِ ویراں کے خطر بھول گئے

Marfat.com

کافی

میں تاں تیکوں منتاں کردی
ساول اساول بھال

واہ غمزے واہ ناز چوہلے وہ نخرے وہ تلک تِلوے
وہ زلفاں وہ خال

تھی کر دام دلیں نوں ونگن تھی کر نانگ جگر نوں ڈنگن
عطروں بھنڑے وال

جٹھیں ڈینہہ یار اسانوں ڈٹھڑے بٹھ پیئے ڈوریئے ململ پھٹڑے
چرچر بوگھ تے آل

Marfat.com

۴

منتیں کر رہی ہوں مدت سے
اس طرف بھی نگاہِ شفقت سے

واہ واہ تیرے غمزہ و انداز
واہ واہ عشوہ ہا و ناز و نیاز
واہ واہ خدو خال و زلفِ دراز
بڑھ گئے فتنہ قیامت سے
منتیں کر رہی ہوں مدت سے

دام بن کر دلوں کو کستے ہیں
سانپ بن کر جگر کو ڈستے ہیں
عطر میں بال بال بستے ہیں
کس لطافت سے کس نزاکت سے
منتیں کر رہی ہوں مدت سے

روٹھ جب سے گیا مرا "سانول"
بھاڑ میں جائیں ڈوریے ململ
تن بدن کے گئے ہیں کپڑے جل
جذبہ عشق کی حرارت سے
منتیں کر رہی ہوں مدت سے

Marfat.com

بھاوِن ڈھول نہ باجھ سجن دے — کپڑے نازک ونڑو ونڑ دے

زیور آل و آل

درد فراق دی چال اساڈی — سونجھڑیں ٹبڑیں جال اساڈی

بے واہی دا حال

اتنا ظلم مناسب ناہیں — رو رو پٹ پٹ کر کر واہئیں

گذر گئے سے سال

یار فرید نہ رولاڈیسم — اوڑک سڈ کر کول بہیسم

ہے سوہنڑا لجپال

Marfat.com

بھا نہیں سکتے ہجر میں زیور
جامۂ دلفریب و نازک تر

کیوں نہ ہوں آب و تاب میں بڑھ کر
میں نہ دیکھوں نگاہِ حسرت سے

منتیں کر رہی مدت سے

دردِ فرقت سے بے قرار ہوں میں
دشتِ وحشت کی تاجدار ہوں میں

کس مپرسی کا اشتہار ہوں میں
دور رہ رہ کے تیری صحبت سے

منتیں کر رہی ہوں مدت سے

ظلم اتنا نہ تھا روا تجھ کو
رحم آیا نہیں ذرا تجھ کو

سالہا سال سے بھلا تجھ کو
کیا ملا ظلم بے نہایت سے

منتیں کر رہی ہوں مدت سے

لطف فرمائے گا فرید وہ یار
پاس بلوا بٹھا کے آخر کار

وہ کہ ہے لاج پال خوش کردار
پیش آئے گا صد مروت سے

منتیں کر رہی ہوں مدت سے
اس طرف بھی نگاہِ شفقت سے

Marfat.com

کافی

پردیسی یارا
واپورب دی بھُلّے

ساونڑ مینہہ برسات دی واری پھوگ پھُلی کھپ پھُلّے
گاجاں گجکن بجلیاں لسکن ڈِڈوں رِڈ لڑی پپ چُلّے
دھامنڑ کترنڑ سنھ تے بھجوں چتر سہاگ دا جھُلّے
جے نئیں یارنڑ پَلہڑ نہ کھٹسی کون بھلا سندھ جُلّے
روز بروز فریدؔ ہے لذت
طبع ڈینہو ڈینہہ کھُلّے

Marfat.com

۴

چلنے لگیں اے دوست! وہ پورب کی ہوائیں
چھانے لگیں ہر سمت دھواں دھار گھٹائیں

برسات وہ ساون کی وہ پودوں کی بہاریں
وہ "پھوگ پھگلی" کی دل آویز قطاریں

وہ رعد کا کڑکا وہ چمک برق تپاں کی
وہ ذوق محبت میں تڑپ جذب نہاں کی

لوٹ آئی ہے پودوں پہ نئے سر سے جوانی
جھولے ہے سہاگ آ کے عجب رُت ہے سہانی

تا وقت کہ موجود ہیں پانی کے نظارے
مشکل ہے کوئی سندھ کی وادی کو سدھارے

آتا ہے فقیر ایسا مزہ رفتہ برفتہ
ہوتی ہے مری طبع رواں اور شگفتہ

Marfat.com

کافی

آ! چنوں رل یار
پیلوں پکیاں نی وے

کئی بگڑیاں، کئی ساویاں پیلیاں
کئی بھوریاں، کئی پھکڑیاں نیلیاں
کئی اودیاں گلنار
کٹویاں رتیاں نی وے

بار تھئی ہے رشک ارم دی
سک سڑ گئی جڑھ ڈوکھ تے غم دی
ہر جا باغ بہار
ساکھاں چکھیاں نی وے

پیلوں ڈیلھیاندیاں گلزاراں
کہیں گل ٹوریاں کہیں سرکھاریاں
کئی لا بیٹھیاں بار
بھر بھر پچھیاں نی وے

Marfat.com

۵

آ کہ مل کر چُنیں (بہ شوقِ ہزار)
فصل پیلو کی پک گئی اے یار

بھوری بھوری ہیں پیلی پیلی ہیں پھیکی پھیکی ہیں نیلی نیلی ہیں
کئی اودی ہیں اور کئی گلنار
دشت و صحرا کی دیدنی ہے بہار

"یار"[1] ہے پیلوؤں کی رشکِ ارم ہو چُکی خشک کب سے بیخِ الم
ہر طرف ریگزار ! باغ و بہار
ذائقہ پیلوؤں کا لذّت دار

پیلو ڈیلھوں[2] کی رت نیاری ہے ٹوری گردن ہیں سر پہ کھاری ہے
کئی بیٹھیں لگا کے اونچی بار
ہر طرف پچھیوں[3] کی ہے بھر مار

ع[1] نخل ع[2] نخل کا ایک پھل ع[3] کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی چھوٹی ٹوکریاں

Marfat.com

چائل جلوٹیں تھئی آبادی ۔۔۔ پَل پَل خوشیاں دم دم شادی
لو کی سہنس ھزار
گُل نے پھُکیاں نی وے

حُوراں، پریاں ٹولے ٹولے ۔۔۔ حُسن دیاں ہیلاں برہوں دے جھولے
راتیں ٹھڈیاں ھٹار
گُوئیں تتیاں نی وے[1]

رکھدے ناز حُسن پروردے ۔۔۔ ابرُو تیغ تے تیر نظر دے
تیز تِکھے ہتھیار
دلیاں پھٹیاں نی وے

کئی ڈیون اُن نال برابر ۔۔۔ کئی گھن آون ڈیڈھے کر کر
کئی ویچن بازار
تُلیاں تکیاں نی وے

کئی دھپ وچ چُنڈیاں ہنڈیاں ۔۔۔ کئی گھن چھاں چھنویرے بہندیاں
کئی چِٹن چِٹن پیاں ہار

[1] یہ لفظ "لوئیں" ہے یعنی لُو کی جمع

Marfat.com

جال کے پیڑ ہو گئے آباد لوگ شاداں ہیں ہر گھڑی دلشاد
ٹوٹے پڑتے ہیں پیلوؤں پہ ہزار
پھانکنے میں ہے اک سے اک ہشیار

نازنینانِ حوروش گلفام جیسے بادِ نسیمِ محوِ خرام
راتیں ٹھنڈی ہیں اور خنک آثار
لُو کے جھونکے نہیں ہیں دل آزار

نازک اندام - نازنین دلبر جن کے ابرو ہیں تیغ - تیر نظر
تیز تر جس طرح کوئی ہتھیار
جن سے ہیں چاک قلب عاشق زار

بیچیں پیلو اناج کے بھاؤ ڈیوڑھا لیں بجائے یک پاؤ
بیچے جا کر کوئی سرِ بازار
تول تک کر بہ شکلِ ساہوکار

کوئی چنتی ہے دھوپ میں پیلو کوئی بیٹھی بچا کے ہے پہلو
کوئی تھک کر گئی ہے ہمت ہار

Marfat.com

ہُٹیاں تھکیاں نی وے

ایڈوں عشوے غمزے نخرے   اوڈوں یار خرابی بکرے

کُسّن کاٹ نیار

راندا رسیاں نی وے

پیلوں چنڈیں بو چھٹ لیراں   چولاوی تھیا لیر کتیراں

گلڑے کرن بچار

سینگیاں سکیاں نی وے

آیاں پیلوں چین دے سانگے   اوڑک تھیاں فرید دے وانگے

چھوڑ آرام قرار

ہکیاں بکیاں نی وے

Marfat.com

ہو گئی ہے تکان ہے لاچار

عشوے غمزے ادھر لگے ہونے　　اور اُدھر جان تک لگے کھونے

ہر گھڑی جان دینے کو تیار

کھیل سمجھے ہیں عشق کے بیمار

پیلو چھننے میں چاک ہے پوچھن　　دھجیاں ہو گئیں سر دامن

اب اڑائیں مذاق رشتہ دار

سینگیاں ہنس رہی ہیں بے تکرار

لیکے آئیں جو آس پیلو کی　　بن گئیں وہ بھی اب فریدن سی

چھوڑ کر مایۂ سکون و قرار

ہو گئیں جیسے نقش بر دیوار

Marfat.com

کافی

آئے مست ڈہاڑے ساوݨ دے
وہ ساوݨ دے من بھاوݨ دے
بدّے پُورب مار ڈھکݨ دے — بجلے بھورے سَوسَووݨ دے
چارے طرفوں زور پوݨ دے ، سارے جوڑ وساوݨ دے

چکویاں چکوے ، اگن پپیہے — کوئل ، مور جھوٹے پچھیے
ہنس ، چکور ، چنڈور بپیہے — شاغل گیت سُناوݨ دے

ڈیہاں ، پینگھاں ، ساویاں پیلیاں — راتیں کھمنیاں کھمݨ رنگیلیاں
گجّ گجّ گھٹاں گجݨ رسیلیاں — وقت سنگار سُہاوݨ دے

Marfat.com

۶

مست ساون کے دِن اَب آتے ہیں
واہ کیا دن ہیں مَن کو بھاتے ہیں

ماڑ پورب دکن سے اُبر آئے　کالے بھورے - بہر طرف چھائے
اور ہوا زور شور دکھلائے　سارے انداز یہ بتاتے ہیں
مست ساون کے دن اب آتے ہیں

چکوے چکوی پپیہے اور اغن　مور کوئل پچھونے اور زغن
چڑیاں - پنڈول بلبلانِ چمن　سارے مِل جل کے گیت گاتے ہیں
مست ساون کے دن اب آتے ہیں

پینگیں ڈالی ہیں سبز اور پیلی　رات ہے بجلیوں سے رنگیلی
گونج ہے بادلوں کی شرمیلی　وقت کو حسن سے سجاتے ہیں
مست ساون کے دن اب آتے ہیں

Marfat.com

روہی راوے تھیاں گلزاراں
تھل چتر انگ وی باغ بہاراں
گھنڈ تواراں بارش باراں
چرچے دھانوں گانوں دے

چاندنی رات ملہاری ڈینہہ ہے
ٹھڈڑیاں ہیلاں رِم جھم مینہہ ہے
سوہنڑ موسم بگڑا نینہہ ہے
گئے ویہلے غم کھانوں دے

مُد مستانی تے خوش دڑے
ساھوں سوہے کیسر بھنڑے
سھجوں مینہہ برساتوں سنڑے
جھڑگے لانگھے لانوں دے

وِینہ فرید آباد تھیوسے
مال مویشی شاد تھیوسے
دل دردوں آزاد تھیوسے
چوڑے انگ نہ مانوں دے

Marfat.com

روہی راوی سے ہوئے ہیں سب گلزار — ہو گیا تھل تمام باغ و بہار
خوش مویشی ہیں پڑ رہی ہے پھوار — خوب گاتے ہیں اور نہاتے ہیں

مست ساون کے دن اب آتے ہیں

رات کو چاندنی تو دن کو ملہار — ٹھنڈی موج نسیم، ہلکی پھوار
رت سہانی ہے سر پہ عشق سوار — غم کے دن دور ہوتے جاتے ہیں

مست ساون کے دن اب آتے ہیں۔

موسم خوشگوار! دن چنچل — بس گئے زعفران ہیں آنچل
ابر باراں سے ہر طرف جل تھل — لہنگے حوروں کے جھلملاتے ہیں

مست ساون کے دن اب آتے ہیں

ہو گیا گھر فرید کا آباد — ڈھور ڈنگر بھی پھر رہے ہیں شاد
دل ہے ہر درد و رنج سے آزاد — اب تو پھولے نہیں سماتے ہیں

مست ساون کے دن اب آتے ہیں

Marfat.com

کافی

اج وِڑھا پیا بھاندا ہے
کوئی وصل سنیہڑا آندا ہے

مِل مِل آئے بادر کارے — بجلی چمکے، مینہ پھنگارے
گج گج گاج کرے دھدکارے — جھوک سُہاگ سہاندا ہے

ٹوبھے اُچھلن، مال نہ ماوے — رانجھن یار اساں گل لاوے
ہر کوئی فرحت نال نبھاوے — ہک ڈُکھ ڈُکھ پیا کھاندا ہے

کوئل کوکے، مور چنگھاڑے — اُغن پپیہے کرن بُلارے
ہر ہر وحشی کر للکارے — گیت خوشی دے گاندا ہے

Marfat.com

۷

آنگن پہ آج عکس ہے حسن و جمال کا
سندیس آنے والا ہے شاید وصال کا

ابرِ سیاہ جھومتا مستانہ وار ہے   بجلی چمک رہی ہے برستی پھوار ہے
بادل گرجتا چرخ پہ بے اختیار ہے   عالم سہاگ کا ہے کہ حسن جمال کا
آنگن پہ آج عکس ہے حسن و جمال کا

تالاب بھر چکے ہیں مویشی ہیں عام تام   محبوب مل رہے ہیں گلے ہو کے خوش کلام
ہر اک دل نہال ہے ہر ایک شادکام   راحت ہے عام رنج پہ عالم زوال کا
آنگن پہ آج عکس ہے حسن و جمال کا

کوئل کی کوک مور کی آواز دردمند   بلبل کا گیت شور پپیہوں کا دل پسند
للکار وحشیوں کی سرافراز سربلند   خوش گیت جیسے شاعر شیریں مقال کا
آنگن پہ آج عکس ہے حسن و جمال کا

Marfat.com

دشت بیاباں ڈسن بہاراں بوٹے بوٹے سہنس تواراں
راحت ہوئی ہے تارمتاراں چولے انگ نہ ماندا ہے

چٹکلے کردے چینک سہیلی ویہلے آن سنبھالیم بیلی
سبندھ فرید رکھاں کیوں میلی نازنواز سبھاندا ہے

Marfat.com

آئی بہار دشت و دمن ہیں چمن چمن
ہر جان دار فرطِ مسرت میں ہے مگن
ہر سمت امن و راحت و آرام جلوہ زن
چھایا ہر ایک شے پہ سماں وجد و حال کا
آنگن پہ آج عکس ہے حسن و جمال کا

ٹلیوں[1] سے کیا لطیف سی آنے لگی صدا
خوش ہوں کہ مرے پہلو میں بیٹھا ہے دلربا
میلی کروں میں مانگ فرید آج کیوں بھلا
زیبا ہے ناز مجھ کو دلِ خوش خصال کا
آنگن پہ آج عکس ہے حسن و جمال کا
سندیس آنے والا ہے۔ شاید وصال کا

---

[1] گھنٹیاں

کافی

ڈکھڑیں کارݨ جائی ہم — سولیں سانگ سمائی ہم

درد اندیشے سکڑے سورے — بیا نہ بھیݨ تے بھائی ہم

گھلی کملی سنجڑی دھر دی — ہک غم دی سدھرائی ہم

جاوݨ لا دی پنڈ بلا دی — جم سراکھیاں چائی ہم

راحت ویندیں وداع نہ کیتم — مئی ھم پر مترائی ہم

پیڑ پراݨی امڑی سکڑی — مونجھ مونجھاری دائی ہم

سختی تے بدبختی تترڑی — حال ونڈاؤ ہمسائی ہم

بے مٹھائی دی چولی چنری — پائی ھم پا ٹھمکائی ہم

سر تے چھتڑے چوٹیاں متھڑے — تیں سنگ دلڑی لائی ہم

ہو ہو بھکڑی شہر خواری — جاتی فخر وڈائی ہم

کیوں یار فرید وساراں — جیں سب کیتے راہ آئی ہم

Marfat.com

۸

میں جونہی بزمِ ہست میں آئی ۔۔۔ دکھ کی دُنیا سمیٹ کر لائی
درد و دکھ ہی مرے قریبی تھے ۔۔۔ اور کوئی نہ تھے بہن بھائی
تھی میں روزِ ازل سے دیوانی ۔۔۔ غم کی دولت مجھے بہت بھائی
بارِ غم چوم کر سر آنکھوں پر ۔۔۔ پیدا ہوتے ہی میں اٹھا لائی
مجھ کو یوں چھوڑ کر گئی راحت ۔۔۔ جس طرح میری ماں تھی مترائی[1]
مادرِ مہرباں تھی درد کی ٹیس ۔۔۔ یاس و اندوہ تھی مری دائی
ساتھ رہنے لگی تھی بدبختی ۔۔۔ جیسے پرسانِ حال ہمسائی
بیدلی کی پہن کے میں چولی ۔۔۔ جامہ زیبی پہ خوب اترائی
ابھی کمسن تھی سر پہ گیسو تھے ۔۔۔ لی محبت نے دل میں انگڑائی
بن گئی میرے ناز کا باعث ۔۔۔ شہر بھر کی تمام رسوائی
میں فریدہ اس کو کس طرح بھولوں ۔۔۔ جس کی خاطر سے میں یہاں آئی

[1] سوتیلی ماں

Marfat.com

کافی

نا کر پیچ وچھڑن دی
رہو بروچل یار
عشق ییوسے پٹھڑا ، بھل گیا کل کم کار
جان جگر وچ ڈوکھڑے سینے سول ہزار
باجھوں مارو مٹھڑے یار ڈسے گھر بار
توں بن ہوت پیارا سیجھ تھئی گل خار
رل مل یار ہمیشہ ماڑوں چیتر بہار
نینہہ نبھاوݨ اوکھا اکھیاں زار و زار
ڈھول فریدؔ دے کوں
ساری عمر گزار

Marfat.com

۹

کیچ جانے کو کیوں ہوا تیار
چھوڑ عزمِ سفر. بروچل یار

حضرتِ عشق لٹ گیا ایسا — بھول بیٹھی ہوں جملہ کاروبار
دکھ سے بھرپور میرے جان وجگر — میرے سینے میں سوز وساز ہزار
اپنے محبوب کے بغیر اب تو — بوجھ معلوم ہو مجھے گھر بار
اب تو تیرے بغیر اے جانی — سیج پر جیسے بچھ گئے ہوں خار
یار! ایسا بھی ہو کہ مل جل کر — ہم منائیں مدام چیت بہار
ہے وفا عشق میں بہت مشکل — آنکھ روتی رہی ہے زار وقطار

التجا ہے فرید کی اے دوست
پاس یاروں کے ساری عمر گزار

Marfat.com

کافی

مناں مَن ماندہ تھیوے
نٻُل نَا بھتی دھار

سانوݨ ڈٻہنہ سُہاگ دے
ہر دم مینگھ ملہار

رَل کر سانتھ گذاروں
جوبن دے دن چار

موت سُݨیندی سَولی
وِنجݨاں وارو وار

چیتر بہار سہاؤں
کرکے ہار سنگار

پلہر پانی پیؤں
تھیا تھل باغ بہار

خوش تھی نینہہ نبھاؤں
رُس نا سانول یار

توں بن جیوݨ اوکھا
ڈوکھڑے تارو تار

یار فرید نہ وسرے
دل کیتم لاچار

Marfat.com

۱۰

جاتے ہو دل میں عزمِ جدائی کا دھار کے
اندوہ بڑھ نہ جائیں دلِ بے قرار کے

ساون کے دن سہاگ کی صورت طرب فزا
چھائے ہوئے ہوں جیسے کہ بادل بہار کے

اے دوست! اس شباب کا عالم ہے چار دن
مل جل کے ایک ساتھ تو دیکھیں گزار کے

سنتے ہیں موت سے تو کسی کو مفر نہیں
جانا ہے باری باری دل و جان ہار کے

آؤ منائیں فصلِ بہاری خوشی خوشی
دو چار دن یہی تو ہیں ہار و سنگار کے

برسات سے نشیب کے تالاب بھر گئے
باغ و بہار ہو گئے دن ریگزار کے

کیوں روٹھتے ہو آؤ کریں ترک روٹھنا
خوش ہو کے دن گزاریں محبت سے پیار کے

تیرے بغیر زیست بھی دشوار ہو گئی
رنج و الم سوا ہیں تیرے جاں نثار کے

دلبر خدا کرے کہ نہ بھولے فریدؔ کو
جذبات بڑھ چلے دلِ بے اختیار کے

Marfat.com

کافی

نینہ اولڑی چوٹک لائی
تن من کیتس چکنا چور

ماہی باجھوں کینویں گذاراں　　سوز گھنیرے ڈوکھ ہزاراں
پورن تتی کوں پلپل پور

سیجھ سُتی نیناں نندر نہ آندی　　کیکر گذرے رین ڈوکھاندی
دل دا ڈھولا چھڈ گیا دور

پٹڈیاں کھپدیاں عمر نبھاوے　　سوہنے باجھ آرام نہ آوے
درد وسایا قہر کلور

گمراہی سب زہد عبادت　　شاہد مستی عین عبادت
جس جا کیتا عشق ظہور

نور حقیقی گھونگھٹ کھولے　　اوڑھ گئے اوے نج پئے بھولے

Marfat.com

۱۱

چوٹ ایسی لگائی آنکھوں نے
مرا تن من ہوا ہے چکنا چور

کیسے گزرے گی تیرے ہجر میں یار
سوز بے حد ہے درد و رنج ہزار
فکرِ پیہم نے کر دیا رنجور

نیند آئے نہ سیج پر ہیہات
وائے کیونکر کٹے گی ہجر کی رات
چھوڑ کر مجھ کو چل دیا وہ دُور

عمر کٹنے لگی ہے رو رو کر
چین آئے نہ یار کو کھو کر
درد اٹھتا ہے سخت اور بھرپور

گمرہی زہد ہے عبادت ہے
جذب و مستی ہی خود ہدایت ہے
جس جگہ عشق کا ہوا ہے ظہور

نور سے جب حجاب دُور ہوئے
شبہ کے پیچ و تاب دُور ہوئے

Marfat.com

ہر جا ایمن ہر جا طور

فخر جہاں ہک ریت سجھائی ارضی تھیا یک بار سمائی

ظلمت بن گئی نور و نور

نیت فرید نماز شہودی ہر شے میں ہے رمز وجودی

سٹ ملوانے جو مذکور

Marfat.com

ہر طرف ہے نمودِ جلوۂ طور
دی ہے فخرِ جہاں نے بات بتا مردِ ارضی بنا ہے مردِ سما
ظلمتیں ہو گئی ہیں نور و نور
پڑھ شہودی[1] نمازِ یار فریدؔ ہے ہر اک چیز میں خدا کی دید
نا سمجھ مولوی کا کیا مذکور

---

[1] نماز شہودی سے مراد مطالعہ کائنات بالوصف بہ اسرار خداوندی ہے ؂

Marfat.com

کافی

جندڑی اُجاکے جیڑا اُداسے
جاپے نتی کوُن کیندی پیاسے

پکیں سو رجھیں، گگڑے ڈیکھو ہے — ڈینڈڑی منھٹی نُوں ما بھین ڈوہے
قسمت ڈِیاں گاہیں دِلبر دی ڈروہے — ایڈوں گیو سے اوڈوں گیا سے

تھئی آس پاسے، آئی یاس پاسے — زر بفت ڈوپٹے ململ تے نما سے
کھنڈڑیاں، بنا تاں، مصریاں تپاسے — لچھڑے اُوڈاہے کُوڑے دلاسے

لکھڑی متھے دی پلڑے پیاسے — وہ واہ خدا دے کم بے قیاسے
جیڑھیں کُوں منہ دی لیندے ہاسے — ہل ہل کریندیاں کھل ٹوک ہاسے

Marfat.com

١٢

اب طبع بھی اچاٹ ہے جی بھی اداس ہے

کیا علم مجھ غریب کو اب کس کی پیاس ہے

سسرال کو بھی مجھ سے شکایت ہے وا نصیب   ماں باپ کو بھی مجھ سے حقارت ہے وا نصیب

اور دوست کو بھی مجھ سے کدورت ہے وا نصیب   اب مجھ کو اُن سے آس نہ کچھ اِن سے آس ہے

کیا علم مجھ غریب کو اب کس کی پیاس ہے

جب سے کہ پاس رہنے لگی میری گھات میں   زربفت میں مزا نہ کہیں پارچات میں

شیرینیوں میں لطف نہ قند و نبات میں   جھوٹے دلاسے دینے لگی مجھ کو آس ہے

کیا علم مجھ غریب کو اب کس کی پیاس ہے

شاید کہ تھا یہی مری تقدیر کا لکھا   تیرا ہر ایک کام نرالا ہے اے خدا

جس کو کہ میں لگاتی نہ تھی منہ بھی اک ذرا   مجھ سے مذاق کرنے لگی بے قیاس ہے

کیا علم مجھ غریب کو اب کس کی پیاس ہے

Marfat.com

مُنہ ویڑھ ٹھڈ ہڑے پئی ساہ بھڑی ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ویندی نبھائی ڈینہ وڈینہ نجر دی
چَس رس نہ مانڑیم گھڑوی نہ وَردی ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ہک پل نہ ڈٹڑم سکھ سیج پاسے

برہوں بچھپیدا لکھ لکھ بلائیں ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ رتھی رتھی ڈکھاری منگدی دعائیں
شالہ کہندیاں یارب کڈاہیں ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ دیداں نہ اٹکن ولڑی نہ پھاسے

سانول سلونڑہ مارو مریلہ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ نکھڑیا نہ ڈٹھڑس کوئی وقت ویہلہ
سُرخی ڈوہاگڑ کجلہ ڈوہیلہ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ ‏ گل گیا فریدا جوبن نراسے

Marfat.com

منہ کو چھپائے کرتی ہوں ہر وقت آہ آہ   تحلیل ہو رہی ہوں ہر اک دن خدا گواہ
کچھ اپنے گھر کا لطف نہ شوہر کی کوئی چاہ   سکھ چین سیج کا مجھے آیا نہ راس ہے
کیا علم مجھ غریب کو اب کس کی پیاس ہے

ڈالی ہیں مجھ پہ عشق نے آفت بر ملا   رہ رہ کے غم میں ڈوب کے مانگی ہے یہ دعا
آنکھیں لڑیں نہ عشق میں دل ہو یہ مبتلا   یا رب ترے حضور میں یہ التماس ہے
کیا علم مجھ غریب کو اب کس کی پیاس ہے

یار ستم شعار پہ ہمدم ہزار حیف   بے وقت وہ جو کر گیا مجھ سے فرار حیف
سرخی نہ رنگ لائی نہ کاجل کی دھار حیف   جوبن پہ اے فرید قیامت کی یاس ہے
کیا علم مجھ غریب کو اب کس کی پیاس ہے

Marfat.com

کافی

گیا درد دوں جیڑا جھر سائیں
ہݨ دل بدلایم پُر سائیں

درد دے کنڈرے سینے لگڑے ہن دیرینے
پیئے نکلن بُھر بُھر سائیں

ڈکھڑے روز سوائے جیں ڈینہہ سجن سدھائے
شہر بھنبھوروں ٹُر سائیں

ڈیہاں راتیں ماتم ڈکھ آیا سکھ واتم
خوشیاں دے تھئے پُر سائیں

یار نہ آوے اکھیاں رو رو ہٹیاں تھکیاں
ڈینہہ راتیں دی پُھر پُھر سائیں

چمڑا ماس لویراں کپڑے لیر کتیراں

Marfat.com

۱۳

بدل ڈالے دلِ صد چاک نے انداز اے ساقی
پٹے جانِ حزیں دشمن ہیں سوز و سازا اے ساقی
ہزاروں درد بن کر خار سینے میں اٹکتے ہیں — یہ وہ کانٹے ہیں جو مدت سے پہلو میں کھٹکتے ہیں
نکلتے ہیں جو سینے سے تو کر کے ناز اے ساقی
میرے اس دل کے ٹکڑے ہزاروں ہوتے جاتے ہیں — مرے حالات فرقت میں دگرگوں ہوتے جاتے ہیں
جونہی جھنجھوڑ سے وہ کر گیا پرواز اے ساقی
خوشی کہتے ہیں کس کو رات دن مصروفِ ماتم ہوں — گئی سکھ کی گھڑی اب تو شریکِ محفلِ غم ہوں
مری خوشیوں کے پرسے کا ہے اب آغاز اے ساقی
نہ آیا یار لیکن راہ تکتے تھک گئی آنکھیں — بہائے اس قدر آنسو کہ میری پک گئی آنکھیں
مگر پھر بھی پھڑکتی ہیں یہ ہے کیا راز اے ساقی
بدن پر جلد باقی ہے نہ تن پر ماس باقی ہے — گریباں چاک ہے اور درد کا احساس باقی ہے

Marfat.com

برہوں ڈتوسے پرُسائیں
صبر فرید نہ آوے گھر کھاوے نے جھرتاوے
دِلڑی کیتم لوُسائیں

Marfat.com

مری حالت ہوئی ہے عشق کی غمّاز اے ساقی

فرید اس عشق میں ہم صبر کی دولت تو ہار آئے　　نہ گھر میں اب سکون آئے نہ جنگل میں قرار آئے

دل ناداں ہوا دیوانگی پرداز اے ساقی

Marfat.com

کافی

اج کل اکھ پھڑکاندی ہے — کئی خبر وصال دی آندی ہے
وقت ملن دی موسم آئی — لذت روز بروز سوائی
خوشیاں کر دی ماپیو جائی — کیا پر دی کیا باندی ہے
درد والم برباد تھیوسے — جنگل بیلہ شاد تھیوسے
ویرانہ آباد تھیوسے — فرحت مول نہ ماندی ہے
ہر ویلے ہر آن ہے شادی — ڈیون لوگ مبارک بادی
ہر آزاروں تھئی آزادی — سول کنوں دل واندی ہے
رانجھن جوگی آیم ویڑھے — ترڈے مرڈے کھیڑے بھیڑے
ہن وت سانوں کون نکھیڑے — پلپل بانھ سراندی ہے
تھیا فرید سہاگ سوایا! — مولیٰ جھوک نوں آن وسایا
رانجھن میڈا میں گھر آیا! — جیں کارن دل ماندی ہے

Marfat.com

۱۴

آنکھ پھڑکی تو طبع گرمائی ؛ وصل جاناں کی پھر خبر آئی
ملنے جلنے کا آ گیا موسم عیش و عشرت کا چھا گیا موسم
خوشیاں کیا کیا دکھا گیا موسم شادبادی ہے خوش ہے ماں جائی
درد و غم ہو گئے ہیں سب برباد شادماں رہگزار و جنگل شاد
اور ویرانے ہو گئے آباد فرحتوں کی ہے جلوہ فرمائی
ہر گھڑی دل ہے اپنا شاد آباد لوگ دینے لگے مبارک باد
دُکھ کی دُنیا سے دُور اور آزاد دل میں غم ہے نہ غم کی دارائی
رانجھا جوگی جو میرے گھر آیا آ کے کھیڑوں کو غم میں تڑپایا
مدعا میں نے اپنا پھر پایا میں ہوں اور پاس میرا شیدائی
ہے فرید اب میرا سہاگ سوا گھر جو اُجڑا ہوا تھا آن بسا
آ گیا آ گیا میرا رانجھا جس کی خاطر ہوئی میں سودائی

Marfat.com

کافی

یار بروچل کاݨ   رلدی روہ ڈونگروچ
لائیس جُھڑ کر باݨ   دلڑی، جان، جگر وچ
سنگیاں سُرتیاں کنھ رجھایا   اپنڑے اپنڑے ڈھول کوں پایا
میکوں میڈڑے ماݨ   رولیا سنجڑے بروچ
یار نہ پاواں بار اُٹھاواں   نیر وہانواں گاوݨ گانواں
رکھ رکھ ویݨ دی واݨ   ہر کوچے گھر گھر وچ
ریت تتی بیا ڈوکھڑے گھاٹے   کھڑپݨ تھوب گیا نے گھاٹے
سٹ گیا جاݨ پچھاݨ   کانی مار اندر وچ
راہ اولڑے اوکھیاں گھاٹیاں   چُبھدے کُکرے کنڈڑے کاٹھیاں
مارم سُول وڈاݨ!   آیم ظلم قہر وچ
پہلے ڈینہ دی قسمت پُٹھڑی   جمدے ویہلے امڑی مُٹھڑی

Marfat.com

۱۵

اپنے محبوب دوست کی خاطر — میں بھٹکتی ہوں کوہساروں میں
تاک کر تیر اِس طرح مارا — جان و دل ہیں جگر فگاروں میں
میری ہمجولیوں نے پا بھی لئے — دوست بچھڑے ہوئے رجھا بھی لئے
ایک میں بدنصیب آوارہ — بھٹکی پھرتی ہوں ریگزاروں میں
ہجرِ جاناں میں تلملاتی ہوں — گیت رو رو کے غم کے گاتی ہوں
بین کرتی ہوں ماتمی لے میں — کوچے کوچے میں رہ گزاروں میں
ریت بھی گرم دکھ بھی لامحدود — دلدلیں غار راستے مسدود
مجھ کو انجان بن کے چھوڑ گیا — (مار کر تیر) خار زاروں میں
راستے عشق کے بہت دشوار — پاؤں میں چبھ رہے ہیں کنکر خار
سوز و غم کی وہ چوٹ ! استغفار — پھنس گئی ہوں ستم شعاروں میں
تھی ازل ہی سے وارثِ قسمت — مادرِ مہرباں بصد حسرت

Marfat.com

تنڑا ڈوکھ دا ڈان   لوڑہیس برھوں بحر وچ
درد فرید ہمیشہ ہوڑے   سارے پاپ دوئی دے دھوڑے
رہندی تانگھ تے تانڑ   پہونچاں پریم نگر وچ

Marfat.com

غم کی گھٹی پلا کے چھوڑ گئی مجھ کو بحرِ الم کے دھاروں میں
درد ایسا فرید اپنا لے پاپ سارے دوئی کے دھو ڈالے
ہر گھڑی انتظار رہتا ہے پہنچیں کب پریم کے دواروں میں

Marfat.com

کافی

وِچ روہی دے رہندیاں
نازک نازو جٹیاں
راتیں کرن شکار دلیندے ڈیہاں وَلوڑن پٹیاں

بُجھڑے تیر چلاون کاری سَے سَے دلڑیاں پھٹیاں

کر کر دردمنداں کوں زخمی ہَے ہَے پدھن نہ پٹیاں

کئی مسکین مسافر پھاتھے چوڑ کیتو نے ترٹیاں

Marfat.com

۱۶

یار روہی کے ریگزاروں میں   گلبدن! نازنین! رہتے ہیں
نازک اندام ناز پروردہ   ماہرو! مہ جبین رہتے ہیں

شب کو مرغانِ دل شکار کریں   دن کو دنیا کے کاروبار کریں
رازِ الفت نہ آشکار کریں

بھولے بھالے وہ صورتِ معصوم   یوں چلاتے ہیں تیر نامعلوم
سینکڑوں دل ہیں زخمی و مغموم

دردمندوں کے کر کے دل زخمی   کوئی مرہم نہ پھر کوئی پٹی
شکل دیکھو تو اک فرشتہ سی

کتنے مسکین بینوا رہگیر   ہو گئے مفت گیسوؤں کے اسیر
حلقۂ زلف بن گئی زنجیر

Marfat.com

دھوئیں دار فقیر تھیوسے   فخر وڈائیاں سٹیاں

ہیوں دلبر دے کُنڑے در دے   برہوں پیاں گل گٹیاں

مونجھ فرید مزید ہمیشہ
اج کل خوشیاں گھٹیاں

Marfat.com

ہم فقیرانہ آ کے بیٹھے ہیں   در پہ دھونی رما کے بیٹھے ہیں
نازو تمکیں بھلا کے بیٹھے ہیں

اپنے دلبر کے ہم سگِ در ہیں۔   پٹہ باندھے ہوئے گلے پر ہیں
ہم محبت کے خاص نوکر ہیں

دل ہمیشہ رہا فرید اداس   عشق آیا نہیں ہے ہم کو راس
گھٹ چکا ہے خوشی کا ہر احساس

Marfat.com

کافی

جیوݨ ڈینھہ اڈھائی دو یار   سٹ گھت فخر وڈائی دو یار

کتھ او پینگھ پپل ملکانڑے   ناز حسن کتھ راج ہباٹے

کتھ ماء پیہنیں بھائی دو یار

کتھ رانجھن کتھ کھیڑے بھیڑے   کتھ رہ گئے او جھگڑے جھیڑے

کتھ چوچک دی جائی دو یار

کتھ او مکر فریب دا چالا   کتھ وت جوگی مندراں والا

پرم جڑی جیں لائی دو یار

ماہی، منجھیاں، ہیر سلیٹی   عطروں بھنڑی مشک لپیٹی

گئے سب جھوک لڈائی دو یار

جوبن ساتھی چار ڈہاں دا   جھٹ پٹ ضعف بڈھیپا آندا

کوڑی آس پرائی دو یار

Marfat.com

١٧

زیست! ناپائیدار ہے یارو   چار دن کی بہار ہے یارو
چھُٹ گئے اب تو عیش کے جھُولے   حسنِ فانی پہ ہم عبث بھُولے
کس کو اب ہم سے پیار ہے یارو

اب وہ جھگڑے کہاں؟ کہاں جھیڑے   اب نہ رانجھا رہا نہ ہیں کھیڑے
ہیر ہے اب نہ ہار ہے یارو

اب نہ مکر و فریب کے وہ جال   اب نہ جوگی نہ جوگیوں کی چال
اب نہ عشق آشکار ہے یارو

اب نہ بیلیں نہ بنسری کی تان   اب نہ خوشبو میں بسنے والی جان
خاک تک سوگوار ہے یارو

چار ہی دن کی نوجوانی ہے   پھر بڑھاپے کی زندگانی ہے
عمر بے اعتبار ہے یارو

Marfat.com

ہے ہے ڈھٹڑی کہیں نہ ونیدی کجل مساگ تے سرخی مہندی

سُرمہ سینڈھ سلائی وو یار

موسم رُل پھر ول گھر آئی وَنجنڑ نہ وقت نراس اجائی

آنونڑ دی کر کائی وو یار

گوڑی محبت کوڑی سنگت کوڑے نخرے کوڑی رنگت

لپ ڈہوڑی ہک چھائی وو یار

مچھلیں پینگیں لاسوں تاریں چٹکیں گھنبڈڑیں ہونگ نواریں

سبھوں رانداں رسائی وو یار

ٹھیاں سر سبز فرید دیاں جھوکاں مہر ول سنر ٹھیاں دل سوکاں

بختیں واگ ولائی وو یار

Marfat.com

ہو گئیں خواب پیار کی باتیں مہندی، سُرخی سنگار کی باتیں
اب نہ کاجل کی دھار ہے یارو
رُت بدلنے لگی زمانے کی کوئی تدبیر جلد آنے کی
اب سماں خوشگوار ہے یارو
جھُوٹی الفت ہے جھوٹی سنگت ہے جھوٹے نخرے ہیں جھوٹی رنگت ہے
ایک مشتِ غبار ہے یارو
بارشوں سے سماں سنور بھی گیا رنگ قوس قزح نکھر بھی گیا
ہر جگہ سبزہ زار ہے یارو
دیکھیے گا ذرا فرید کا بخت ہو گئے ہیں نہال خشک درخت
آمدِ گلعذار ہے یارو

Marfat.com

کافی

توں بن موت بھلی وینݙم شالا مری
ٹلساں ہک نہ ذری جیساں پل نہ گھڑی
پورب طرف ݙہوں مینگھ ملہار ݙِٹھم   بجلی لسک ݙِتی گج گاج سݨیم
رہساں اتھ نہ اڑی ویساں وطن وری
کنڑیں دوڑ پیوم روہی وٹھڑی دی   ݙھولا کل نہ لدھو ݙکھڑیں کٹھڑی دی
پھاڑیم چولی چنی رورو تھیوم چری
اپنے ݙیس ونجاں دل کوں تانگھ تھئی   ݙیکھاں تا ݙے ٹوبھے لانے ٹھار بوئی
بر ݙوں راہی تھیوݨ ساڑیں سول سڑی
اونگاں لوک اٹھݨ بدلیں کیتی لس   گھݨ گھݨ نام تیݙا اروندی تھئی بیوس
سانول تینوں ملاں یا سر لوݙم مری
سرخی مہندی مُٹھی کجلہ دھار گیم   ناز نواز بھلیا۔ ہار سنگار گیم

Marfat.com

۱۸

تجھ بن تو مجھے موت بھلی ! مرگ غنیمت !   ہرگز نہ جیوں ! جینے کی کیا مجکو ضرورت
ٹھیرونگی نہ پل بھر پل بھر مجھے دُو بھر

پورب سے وہ اٹھنے لگیں گھنگھور گھٹائیں   آنے لگیں کانوں میں گرجنے کی صدائیں
سمجھایا ہے من کو جانا ہے وطن کو

روہی ہوئی آباد برسنے لگے بادل   مجھ دردرسیدہ کی نہ لی تو نے کوئی کل
ہے دھجیاں آنچل رو رو ہوئی پاگل

دل میں یہ امنگیں کہ کبھی دیس کو جاؤں   کھارا اور بوٹی لانے کا کچھ لطف اٹھاؤں
جنگل کو سدھاری ہیں سوز کی ماری

سنتی رہی بادل کی گرج صورت بیکس   لے لے کے تیرا نام میں روتی رہی بے بس
ساجن مجھے مل جا - یا بن کے اجل آ

مہندی ہے نہ سرخی ہے نہ کاجل کی دھائیں   وہ ہار سنگار اب وہ غمزوں کی بہاریں

Marfat.com

بینسر بول بھناں اجڑی مانگھ دھڑی

کھیڈݨ کوڈݨ گیا سکھ دا ٹول گیم ڈکھڑے پچھڑے پیٔے خوشیاں رول گیم

جُڑ کر راول جوگی لائی پرم جُھڑی

کھمدی کھمݨ فریدچھوکاں یاد پون اکھیاں نیر ہنجوں کر برسات وسن

لکھ لکھ دھانہہ اوٹھم جاں جاں ڈسم جھڑی

Marfat.com

بُولا ہے نہ بینسر اب مانگ نہ زیور

سُکھ چین کے دن ہیں نہ وہ اب کھیل کے ایام
سب روٹھ گئے مجھ سے وہ آسائش و آلام

الفت کی کٹاری! کیا کھینچ کے ماری

بجلی کے چمکنے سے فرید آئے وطن یاد
آنکھوں سے ٹپکنے لگی برسات کی روداد

یہ کیسی جھڑی ہے آفت کی گھڑی ہے

Marfat.com

کافی

کوئی ماہنڑوں آئیں یار دا
ساتھی کھڑا سنیہڑا ڈیندا
عشق نہیں ہے تیر بلا دا
ظلمیں چوٹ چلیندا
ناز ادا کجھ کرے نہ ٹالا
حکمیں برہوں بجھیندا
رمز رموز تے گجھڑے ہاسے
سب کجھ درد سو جھیندا
سوز فراق تے درد اندیشے
تن من پھوک جلیندا
ہرگز سوال نہ سہندی دلڑی یار اے بار سہیندا

Marfat.com

١٩

قاصد ہے یار کا کہ پیامی بہار کا
لایا ہے کوئے یار سے سندیس یار کا

کہتے ہیں جس کو عشق مصیبت کا تیر ہے
ابتر ہے جس سے حال دلِ بیقرار کا

ناز و ادا میں رُو و رعایت نہیں رہی
دامن سے میرے باندھ دیا ہجر یار کا

راز و رموز شوق سمجھاتا ہے درد عشق
استاد بن کے جیسے کسی دلفگار کا

تن من جلا کے سوز محبت نے رکھ دیئے
مرکز بنا ہوا ہوں میں برق و شرار کا

دل میں کہاں یہ تاب کہ رنج و الم سہوں　　برداشت کر رہا ہوں کہ ایما ہے یار کا

Marfat.com

کافی

بَجھ منگھیا نہ راج ببانہ
واہ بھانڑے من بھانڑے اساڈے
سنڑ دہوئیں کا نہہ کہیلے
بیشک مانڑے تڑانڑے اساڈے

سنو سہیلیاں سینگیاں سیّاں
برہوں ڈتیاں ڈو کھڑیں ہنت بیاں
چولہ بو چھڑ دھبیاں دھیّاں
خون جگر مٹھئے کھانڑے اساڈے

ہار ہنجوں داگل وچہ پاواں
سُولاں دی نت سیج سوہاواں
ماپیو بھاواں مول نہ بھاواں
ویری دوست پرانڑے اساڈے

Marfat.com

۲۰

بھاڑ میں جائے شہر منگھیانہ
اس سے بہتر ہے مجھ کو ویرانہ

بھا گئے گھاس پھوس کے "بھاٹے"[۱]   جن سے وابستہ من کے افسانے
جھونپڑی کیا ہے میرا دل جانے   جھونپڑی رشکِ قصرِ شاہانہ!
بھاڑ میں جائے شہر منگھیانہ

لو سنو اے سہیلیو! یہ سخن   عشق کے ہاتھ سے جلا نِن من
دھجیاں ہو چکا ہے پیراہن   خونِ دل پی رہی ہوں روزانہ
بھاڑ میں جائے شہر منگھیانہ

آنسوؤں کے پرو رہی ہوں ہار   نت بچھاتی ہوں غم کی سیج پہ خار
مجھ سے ماں باپ کو ہمیشہ عار   ہر اک دوست مجھ سے بیگانہ
بھاڑ میں جائے شہر منگھیانہ

۱ جانور باندھنے کا کمرہ

Marfat.com

ضعف بدن وچ سُرت نہ تن وچ   بھا جگر وچ دُود دہن وچ
دلڑی غرق اندوہ محن وچ   رو رو نینڑ گمانڑے اساڈے

چھڈ گیا کیچ شہر دا والی   ٹھل ماروُ دی لکڑی والی
لکڑے کنڈرے تول نہالی   ڈہہ سلہہ پتھر وہانڑے اساڈے

پینگھ پیل ملکانڑے بھل گئے   گانے گہنے سہرے بھُل گئے
گھر ور جاہ ٹکانڑے رُل گئے   پڑپئے یارا یانڑے اساڈے

مفت فرید ندامت چایُم   سمجھ سنبھل کر نینہہ نہ لایُم
ساری پیت پریت ونجایُم   تھڑ گئے عقل سیانڑے اساڈے

Marfat.com

ضعف سے ہے نحیف و زار بدن　　جھک گیا ہے جگر جلا ہے دہن
دل ہوا غرقِ درد و رنج و محن　　آنکھیں رو رو بنی ہیں غم خانہ
بھاڑ میں جائے شہر منگھیانہ

تھل وہ جس جا نہ کوئی ہریالی　　چھوڑ کر مجھ کو کیچ کا والی
خار و خس میرے بستر عالی　　اینٹ پتھر ہیں میرا سرہانہ
بھاڑ میں جائے شہر منگھیانہ

کیا ہوئے پیپلوں کے وہ جھولے　　جن پہ رہتے تھے ہم سدا پھولے
گہنے گانے[۲] وہ گیت سب بھولے　　رہ گیا یادِ یارِ مستانہ
بھاڑ میں جائے شہر منگھیانہ

کیوں ندامت فرید اٹھائی ہے　　آنکھ کیا سوچ کر لڑائی ہے؟
آبرو مفت میں گنوائی ہے　　اب کہے کون تجھ کو فرزانہ؟
بھاڑ میں جائے شہر منگھیانہ

---

۲ بوقت شادی دولہا اور دولہن کی کلائی میں باندھا جاتا ہے۔

Marfat.com

کافی

نینہہ لائم کارن سُکھ وے میاں
پئے پیڑے ڈوڑے ڈکھ دے میاں
ناخواہش دُنیا دولت دی   ناشاہی شوکت صولت دی
ہے ہک دیدار دی بُوکھ وے میاں

ناقاصد ناپیغام آیا،   ناخشک جواب سلام آیا
گئی گزر عمر جوکھ جوکھ وے میاں

وچ دلڑی درد اندوہ بھری   پئی رُوڑی وانگے چنٹرگ ذری
نت سڑم تتی دُوکھ دُوکھ وے میاں

Marfat.com

۲۱

عشق کرنا نہیں آسان میاں
دکھ پہ دکھ ہوتے ہیں ہر آن میاں

نہ تو ہے خواہش دولت ہم کو　　نہ تو صولت کی ضرورت ہم کو
ہے فقط شوقِ زیارت ہم کو　　دل میں ہیں دید کے ارمان میاں
عشق کرنا نہیں آسان میاں

کوئی خط آیا نہ آیا ہے پیام　　نہ کوئی بھول کے لایا ہے سلام
عمر آفت میں گذرتی ہے تمام　　دکھ میں قائم نہیں اوسان میاں
عشق کرنا نہیں آسان میاں

دل میں اندوہ الم ہیں بھاری　　ڈھیر ہیں جیسے لگے چنگاری
عشق میں جلنے لگی بیچاری　　روز رہتی ہوں پریشان میاں
عشق کرنا نہیں آسان میاں

Marfat.com

کہیں خبر ڈِساں ہین ڈُھالا دی   دل سنجڑی مُنبڑی مُنڈھ لادی
متھوے گا لہوں وینندی ڈُوکھڑے میاں

ایہو کھٹیا علم ہنر دا ہے   کیوں وسرے نقش پتھر دا ہے
سوہنے خان پنل دا مکھڑے میاں

ہے چھوٹے لادی دل کُٹھڑی   ہتھوں ناز بروچل دی مُٹھڑی
اجاں ڈُتے ناہا مِس سُکھڑے میاں

تھل بار دے وچ رول گیا   آیا سخت ڈکھاندے وات جیا
تلے ریت تتی او توں لکھڑے میاں

جیں ڈینہہ فریدؔ توں یار روٹھن   پٹ ور وکٹ کٹ پیٹ موٹھن
ماری مُک سینے لگ لکھڑے میاں

Marfat.com

کیا کہوں دل کے نشیب اور فراز　　دکھ سے ہے زیست کا میری آغاز
بات ہے درد کی میری غماز　　کر دیا جس نے کہ حیران میاں
عشق کرنا نہیں آسان میاں

عشق سرمایۂ علم و فن ہے　　یاد محبوب میں میرا من ہے
چہرہ سانول کا وہ شعلہ زن ہے　　دل میں ہے جلوہ فگن خان میاں
عشق کرنا نہیں آسان میاں

میں کہ کم عمر تھی کمسن تھی ابھی　　میں ابھی تو کسی قابل ہی نہ تھی
کھائی سینے پہ محبت کی انی　　کر گیے مجھ کو پریشان میاں
عشق کرنا نہیں آسان میاں

تھل کا وہ گرم سماں ہائے غضب　　پڑ گئی قہر میں جاں ہائے غضب
ریت کا گرم دھواں ہائے غضب　　کر گیا مجھ کو ہراساں میاں
عشق کرنا نہیں آسان میاں

روٹھ کر جب سے گیا یار فرید　　کبھی آئی نہ مسرت کی نوید
لب پہ آتی رہی فریاد مزید　　غم کا ہوتا رہا اعلان میاں

Marfat.com

کافی

سپاہیڑا نہ مار نیناں دے تیر

پلپل پھلڑے چُبھن کُلڑے   تن من سیس سریر

گوڑھیاں اکھیاں رَت دیاں بکھیاں   زلف سیہ بے پیر

کجلہ جنگی ظالم زنگی   کوہندا بے تقصیر

نیش ڈُوکھیندے پیش ڈُکھی دے   رگ رگ لکھ لکھ سیڑھ

سینگیاں سرنیاں کھیڑے دتیاں   ویری ماپیو ویر

Marfat.com

۲۲

کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

ناوکِ ناز دل میں چبھتے ہیں ، سینہ و سر میں زخمہائے کثیر

کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

سرخ آنکھیں ہیں خون کی پیاسی زلفِ مشکیں ہے سنگدل بےپیر

کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

دھار کاجل کی ظالم زنگی قتل کرتی ہے مجھ کو بے تقصیر

کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

نشترِ زخم دل دکھاتے ہیں خوں بہائے رگوں سے نوک شریر

کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

میری ہمجولیاں رقیب مری مرے دشمن برادر و ہمشیر

کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

Marfat.com

لگڑیاں تانگھاں اُجڑیاں ملگھاں   مارُو وَسم ملھیر

یار کوراڑا، دُھوتا پاڑا   کیا کیجئے تدبیر

جندڑی چُبھدی نوک غضب دی   دل غم دی جاگیر

عمر فرید نبھایم روندیں   متھڑے دی تحریر

Marfat.com

انتظار اس قدر کہ بیخود ہوں، دوست لیکن بسے ہے ملک ملہیر
کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

دوست بھی اور پڑوس بھی بیدرد ہائے کیا کیجئے بھلا تدبیر
کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

نوک غم کس غضب کی چبھتی ہے بن گیا دل بھی درد کی جاگیر
کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

عمر رو رو فراق بد گذری ہے لوح قسمت پہ تھی یہی تحریر
کیوں چلاتا ہے یار نین کے تیر

Marfat.com

کافی

بولا بینسر کسنوں پاواں
ڈھونڈ کیتم نا منظور

کِتھ نوں بنیاں مانگھ بناواں کجلا پاواں سرخی لاواں
یار نتی دا وسدا دور

